دفتر برائے تعلقات عامہ اور میڈیا کوآرنیشن

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی

10/08/2018

## مغربی ایشیاء میں امن ہندوستان اور چین دونوں کے لئے اہم

## جامعہ ملیہ میں چینی وفد کا اظہار خیال، دونوں ممالک ایک دوسرے کا ساتھ دینے کے لئے عہد بند

نئی ڈہلی:

آج یہاں جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سچوان یونیورسٹی کے ایک چینی وفد نے دورہ کیا۔ان کا یہ دورہ جامعہ میں واقع ہند عرب ثقافتی مرکز میں تھا۔جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مسجل اے پی صدیقی ( آئی پی ایس ) رجسٹرار نے وفد کا جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پر جوش استقبال کیا اور امید ظاہر کی کے اس وفد کا یہ دورہ دونوں ممالک یعنی ہندوستان اور چین کے لئے نیک فال ثابت ہوگا۔اس موقع پر سابق سفرٹی سی اے رنگ آچاریہ نے بھی خطاب کیا جس میں انھوں نے ہند، چین رشتوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اگر ان ممالک کے رشتے بہتر ہوتے ہیں تو اس مثبت اثرات عالم عرب پر بھی مرتب ہوں گے۔

وفد نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک مغربی ایشیاء میں امن وامان کی بحالی کے لئے اپنا کردار نبھائیں۔انھوں نے کہا یہی موقع ہے جب ہندوستان اور چین دونوں ممالک کو خطے میں خوشگوار ماحول قائم کرنے کے لئے اپنی حصہ داری نبھانی چاہئے۔ڈاکٹر زنگ زیانگیو سچوان یونیورسٹی چین کے پروفیسر نے کہا کہ اگر ہندوستان چین کے تعلقات خوشگوار انداز میں پروان چڑھتے ہیں تو اس کے اثرات عالم عرب پر بھی مرتب ہوں گے، انھوں نے کہا کہ چین اس معاملہ میں زوروشور سے کوششوں میں مصروف ہے کہ ہر دو جگہ سے ان کت تعلقات خوشگوار ہوں، خصوصا عرب ممالک سے بہتر حالات کے لئے ہم مستقل کوشاں ہیں۔

اس موقع پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے رجسٹرار اے پی صدیقی نے کہا کہ یونیورسٹی ہر معاملہ میں مثبت رویہ کے لئے قدم بڑھانے کو تیار ہے، انھوں نے بتایا کہ اس کے لئے دونوں ممالک کے مختلف یونیورسٹیوں سے تعلیمی اور تیکنیکی تبادلہ کے لئے معاہدہ ہو چکا ہے۔

اس موقع پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلباء اور اساتذہ سمیت بڑی تعداد میں جامعہ کے ارکان شامل تھے۔ڈاکٹر نثار رضا خان ڈائریکٹر آئی اے سی سی نے اپنے سینٹر کا تعارف کرایا اور اسکی تعلیمی اور اکادمی حصولیابیوں کا ذکر کیا۔

جاری کردہ

احمد عظیم

پی آر او اینڈ میڈیا کوآرڈینیٹر